**Shabbir / Fazil**

**02-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے، مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔

2- جناب مودی نے متحدہ عرب امارات اور اسرائیل کے وزیراعظم کے ساتھ مغربی ایشیا کی صورتحال پر بات چیت بھی کی۔

3 - وزارت خارجہ نے بھارت میں غیر ملکی باشندوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ویزا میں کسی طرح کی مدد کیلئے، غیر ملکیوں کے علاقائی رجسٹریشن دفتر سے رابطہ قائم کریں۔

4- امریکی فوج نے، ایران کے اسلامی پاسدارانِ انقلاب کے دفتر کو بڑے پیمانے پر کیے گئے حملے میں تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے 9 بحری جہازوں کو غرق کردیا گیا ہے۔

5- وزیراعظم مودی آج نئی دلی میں کینیڈا کے اپنے ہم منصب Mark Carney کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔

6- اور کرکٹ میں : کولکاتا میں بھارت ICC مردوں کے ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ کے سیمی فائنل میں، داخل ہو گیا ہے۔ اُس نے ویسٹ انڈیز کو پانچ وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Cabinet CCS

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل اپنی رہائش گاہ پر سلامتی سے متعلق کابینی کمیٹی، CCS کی میٹنگ کی صدارت کی۔ سلامتی اور اسٹریٹیجک معاملات پر فیصلہ کرنے والی ملک کی اعلیٰ ترین کمیٹی، CCS کی اس میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے شرکت کی۔ ایران، اسرائیل اور امریکہ کے بڑھتے ہوئے تنازعے کی وجہ سے تیزی سے بدلتی ہوئی عالمی صورتحال کے پس منظر میں یہ میٹنگ ہوئی ہے۔×

PM UAE President

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زائد النہیان سے بات چیت کی ہے۔ جناب مودی نے متحدہ عرب امارات پر حملوں کی سخت مذمت کی اور اِن حملوں میں جانی نقصان پر تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں بھارت، متحدہ عرب امارات کے ساتھ کھڑا ہے۔ جناب مودی نے متحدہ عرب امارات میں رہائش پذیر بھارتی برادری کا خیال رکھنے پر شیخ محمد بن زائد النہیان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت، کشیدگی کم کرنے، علاقائی امن و سلامتی اور استحکام کی حمایت کرتا ہے۔x

PM Netanyahu Talks

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو سے ٹیلیفون پر بات چیت کی ہے اور مغربی ایشیاء کی موجودہ صورتحال پر تبادلہٗ خیال کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ واقعات کے تناظر میں بھارت کی تشویش ظاہر کی اور شہریوں کی سلامتی کو ترجیح قرار دیا۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ بھارت، مخاصمت کے جلد خاتمے کی ضرورت کا اعادہ کرتا ہے۔x

MEA Foreign Nationals

وزارتِ خارجہ نے بھارت میں اُن غیر ملکی باشندوں کو، جو مغربی ایشیا میں جاری سلامتی کی صورتحال سے متاثرہ ہیں، ہدایت دی ہے کہ وہ غیر ملکیوں کے نزدیک ترین علاقائی رجسٹریشن دفتر سے رابطہ قائم کرکے، اپنے ویزا میں توسیع یا اپنے قیام کو باضابطہ بنائیں۔

یہ ہدایت، مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیشِ نظر جاری کی گئی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو اپنے سفر میں بڑے پیمانے پر پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، فضائی رابطے بند ہوگئے ہیں اور پورے خطے میں پروازوں کے بارے میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔

بھارت نے خطے میں موجود اپنے شہریوں کے لئے بھی سفر اور حفاظت سے متعلق ایک الگ ہدایت جاری کی ہے، تل ابیب میں بھارت سفارتخانے نے، بھارتی باشندوں سے زور دیا ہے کہ وہ انتہائی چوکسی برتیں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں، اپنے قیام کی جگہوں کے نزدیک رہیں اور سرکار کی طرف سے تازہ جانکاری پر عمل کریں۔ ایمرجنسی مدد کے لئے ہمہ وقت کام کرنے والی ایک ہیلپ لائن قائم کی گئی ہے۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے سعودی عرب اور کویت میں اپنے ہم منصبوں سے بات چیت کی ہے۔ انھوں نے علاقائی استحکام پر بھارت کی تشویش کا اظہار کیا اور جاری صورتحال پر بات چیت کی۔x

Civil Aviation Ministry PACR

شہری ہوابازی کی وزارت نے بتایا ہے کہ اُس نے وزارت کے تحت مسافروں کی مدد کیلئے جو کنٹرول روم، PACR، قائم کیا ہے، وہ مغربی ایشیاء میں حالیہ واقعات کے مدنظر فضائی سفر کرنے والوں کی دشواریوں کا سرگرم طریقے سے ازالہ کر رہا ہے اور اُنہیں معلومات فراہم کر رہا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت نے اطلاع دی کہ موجودہ صورتحال کے دوران ایئر لائنس اور ہوائی آڈّوں کے آپریٹرس کے درمیان تال میل کے ذریعے مسافروں کے 411 معاملوں کا حل نکالا گیا۔ پوسٹ میں مشورہ دیا گیا ہے کہ مسافر، وزارت کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، ایئر سیوا پورٹل اور ہیلپ لائن نمبروں کے ذریعے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ شہری ہوابازی کی وزارت کے ہیلپ لائن نمبرس اس طرح ہیں۔

011 - 24 60 42 83 اور 011 - 24 63 29 87

Trump Iran Naval Ships

امریکی فوج نے بڑے پیمانے پر کیے گئے اپنے ایک حملے میں، ایران کے، اسلامی پاسدارانِ انقلاب IRGC کے صدر دفتر کو تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے۔ امریکہ کی وسطی کمان CENTCOM نے ایک بیان میں اس کارروائی کو، کسی سانپ کے سر کو کاٹ دینے سے تعبیر کیا ہے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوج نے ایران کے 9 بحری جہازوں کو تباہ کیا ہے۔ Truth Social Platform پر ایک پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ انھیں اطلاع دی گئی ہے کہ ایران کے 9 بحری جہازوں کو تباہ اور غرق کردیا گیا ہے جن میں کچھ جہاز، نسبتاً بڑے اور اہم تھے۔ ٹرمپ نے اِس بات کیلئے بھی خبردار کیا ہے کہ امریکہ، ایران کے بقیہ بحری جہازوں کا بھی تعاقب کر رہا ہے اور انھیں بھی جلد ہی غرق کردیا جائے گا۔

ٹرمپ نے مزید بتایا کہ ایک دیگر حملے میں امریکہ نے ایران کی بحریہ کے صدر دفتر کو بھی بڑے پیمانے پر تباہ کیا ہے۔

اِدھر اسرائیلی فوج نے بھی ایران کے دسیوں فوجی کمان مرکزوں پر حملوں کی خبر دی ہے، جن میں IRGC، انٹیلی جینس صدر دفتر، IRGC فضائیہ کمان مرکز اور اندرونی سلامتی کا صدر دفتر بھی شامل ہے۔x

US Iran E3

برطانیہ، فرانس اور جرمنی کے رہنماؤں نے، ایران کے میزائل حملوں کی مذمت کی ہے۔ انھوں نے اسے اندھا دھند اور بلا ضرورت قرار دیا ہے۔E3 ملکوں کے رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں، امریکہ کے تیئں اپنی حمایت کا

اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ وہ ایران کی طرف سے کیے گئے میزائل حملے کے بعد خطے میں اپنے مفادات کا دفاع کرنے کیلئے کوئی بھی قدم اٹھانے کیلئے تیار ہیں۔

بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انھوں نے خطے میں اِس معاملے میں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

برطانیہ کے وزیراعظم Sir Keir Starmer نے ایک ویڈیو پیغام پوسٹ کیا ہے جسمیں انھوں نے امریکہ کو اجازت دی ہے کہ وہ ایران کے میزائل حملوں کے خلاف دفاعی حملے کرنے کے لئے برطانوی ٹھکانوں کا استعمال کر سکتا ہے۔x

Oil Prices

امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ہفتے کے آخر میں ایران پر کیے گئے حملے کے بعد تیل کی عالمی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔ ایشیاء میں آج صبح جب تیل کے بازار کھلے تو برینٹ خام تیل اور Nymex Light Sweet تیل دونوں کی قیمتوں میں 10 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ برینٹ خام تیل کی قیمت میں تقریباً 9 فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 79 اعشاریہ تین صفر ڈالر فی بیرل رہی۔ وہیں Nymex کی قیمت میں تقریباً ساڑھے آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 72 اعشاریہ سات صفر ڈالرز رہی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Canada PM Talks

وزیر اعظم نریندر مودی اور کینیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنے آج نئی دلّی کے حیدرآباد ہاؤس میں وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماء، بھارت-کینیڈا اسٹریٹیجک شراکت داری کے مختلف شعبوں میں اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ اس کے علاوہ دونوں رہنماء تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، اہم معدنیات، زراعت، تعلیم، تحقیق و اختراع اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں سمیت جاری تعاون کی صورتحال کا بھی جائزہ لیں گے۔ دونوں رہنماء علاقائی اور عالمی واقعات پر اپنے نظریات کا اظہار بھی کریں گے۔ وزیر اعظم مودی اور وزیر اعظم کارنے، آج دوپہر بھارت-کینیڈا CEOs فورم میں بھی شرکت کریں گے۔x

MEA Canada PM

کینیڈا کے وزیراعظم، ممبئی کے اپنے کارگر دورے کے بعد کل نئی دلی میں پہنچ گئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ جناب Carney کا خیر مقدم، تجارت و صنعت کے وزیر مملکت جتن پرساد نے باقاعدہ سرکاری اعزاز کے ساتھ کیا۔x

Prez Delhi Lakhpati

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج قومی راجدھانی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں ''دلّی لکھپتی بٹیا یوجنا'' کا آغاز کریں گی۔ موجودہ لاڈلی اسکیم کی توسیع کرتے ہوئے اس کی دلّی لکھپتی بٹیا یوجنا کے طور پر تشکیل نو کی گئی ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Vishnu/Dipendra

سابقہ نظام کے تحت کسی صحت مرکز میں پیدائش کی صورت میں ہر اہل بچی کے نام پر 11 ہزار روپے اور اگر پیدائش گھر میں ہوئی ہے تو 10 ہزار روپے جمع کرائے جاتے تھے۔ اس کے علاوہ 5 ہزار روپے اہم تعلیمی سفر طے کرنے کیلئے، جس میں پہلی، چھٹی اور نویں کلاس میں داخلے اور نویں کلاس پاس کرنے پر دسویں نیز بارہویں کلاس میں داخلے کا عمل شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ وضاحت کی ہے کہ نئی اسکیم کے تحت، مالی امداد اور ہمہ جہتی نظرے کو خاطر خواہ وسعت دی گئی ہے۔ اس اسکیم سے وہ کنبے مستفید ہوں گے، جس کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ 20 ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہے نیز وہ پچھلے تین سال سے دلّی میں رہائش پذیر ہیں اور لڑکی کی پیدائش بھی دلّی میں ہی ہوئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس اسکیم کو وزیر اعظم نریندر مودی کے وسیع نظریے سے تحریک ملی ہے، جس کی مدد سے وہ تعلیم، وقار اور خود کفالت کے ذریعے ملک کی تعمیر میں لڑکیوں کو اہم مقام دلانا چاہتی ہے۔
آکاشوانی نیوز سے دیپیندر کمار اور وشنو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

GST Collections February

اس سال فروری کے مہینے میں اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولیابی میں، گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے 8 اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ درج کیا گیا اور یہ ایک لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہی۔ فروری 2025 میں GST کی مجموعی وصولیابی ایک لاکھ 69 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تھی۔ اس سال فروری میں مرکزی GST کی وصولیابی 37 ہزار 473 کروڑ روپے، جبکہ ریاستی GST کی وصولیابی 45 ہزار 900 کروڑ روپے رہی۔ مربوط GST کی وصولیابی ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رہی۔x

Must Announcement Public Speak

ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''اعضا کا عطیہ کرنے کی اہمیت'' کے موضوع پر تفصیل مذاکرہ نشر کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر آج رات ساڑھے نو بجے سے اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، صفر چار، آٹھ ایک

صفر ایک ایک - دو تین، سات ایک، سات ایک، ایک سات

صفر ایک ایک - دو تین، سات ایک، سات ایک، صفر چھ

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ سامعین اپنے سوالات موبائل نمبر

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر وہاٹس ایپ بھی کرسکتے ہیں، یا X پر ہیش ٹیگ Askair کے ذریعے پوسٹ کر سکتے ہیں۔×

ICC20 World Cup°

بھارت، مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کل شام کھیلے گئے Super Eight میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 5 وکٹ سے ہرا دیا۔ بھارت کو یہ میچ جیتنا ضروری تھا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے دیے گئے 196 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے سنجو سیمسن کی 50 گیندوں میں 97 رن کی ناٹ آؤٹ اننگز نے بھارت کو 4 گیند پہلے ہی جیت دلا دی۔ سنجو سیمسن کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس سے پہلے ویسٹ انڈیز کو پہلے بلّے بازی کی دعوت دی گئی، جس نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر 195 رن بنائے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے Roston Chase نے سب سے زیادہ 40 رن بنائے۔

بھارت کی جانب سے جسپریت بمرا نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

دوسرے سیمی فائنل میں اب بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ جمعرات کے روز ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔×

Women's HockHyderabad

خواتین کی بھارتی ہاکی ٹیم، FIH عالمی کپ 2026 کے کوالیفائرس میں حصہ لینے کیلئے کل حیدرآباد پہنچ گئی۔ 8 مارچ سے 14 مارچ تک یہ کوالیفائرس منعقد کیے جائیں گے۔ میزبان بھارتی ٹیم، بنگلورو میں ایک مہینہ طویل تربیتی کیمپ کے بعد حیدرآباد پہنچی ہے۔ بھارت کو اسکاٹ لینڈ، اروگوئے اور ویلز کے ساتھ پُول B میں رکھا گیا ہے۔ بھارت، 8 مارچ کو اروگوئے کے خلاف میچ سے اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ اس کے بعد بھارت کا 9 مارچ کو اسکاٹ لینڈ اور 11 مارچ کو ویلز سے مقابلہ ہوگا۔ ٹیم کی تیاریوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کپتان سلیمہ Tete نے بتایا کہ گھریلو میدان پر کھیلنا ہمیشہ خاص ہوتا ہے اور ٹیم نے پچھلے کچھ ہفتے کے دوران کافی تیاری کی ہے اور وہ پُر اعتماد محسوس کر رہی ہے۔ اس سے پہلے دن میں اسکاٹ لینڈ کی خواتین ہاکی ٹیم بھی 8 ملکوں کے اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کیلئے حیدرآباد پہنچی۔x

SB Trump

ہم نے ایران میں سینکڑوں نشانوں پر حملے کیے ہیں جن میں پاسدارانِ انقلاب کے دفاتر اور ایران کا فضائی دفاعی نظام شامل ہے۔ 9 بحری جہازوں اور ان کی بحریہ کی عمارت پر بھی حملہ کیا گیا ہے۔ پوری فوجی کمان تباہ کی جا چکی ہے اور ان میں سے زیادہ تر، اپنی جان بچانے کیلئے ہتھیار ڈالنا چاہتے ہیں۔ یہ جنگی کارروائی اس وقت پورے زور شور سے جاری ہے اور اُس وقت تک جاری رہے گی جب تک کہ ہم اپنے مقاصد حاصل نہ کرلیں۔ ایک ایرانی نظام جو طویل دوری کے میزائل اور نیوکلیائی ہتھیار سے لیس ہے، وہ ہر امریکی کیلئے ایک زبردست خطرہ ہے۔ ہم کسی ملک کو یہ اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ اِس طرح کے ہتھیار رکھنے کیلئے دہشت گردانہ فوجیں قائم کرے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ ۔اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات نے امریکہ و اسرائیل کی بمباری میں ایران کے رہبر اعلیٰ آہت اللہ علی خامنئی سمیت وہاں کے سرکردہ لیڈروں کی موت کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ ایران کے سابق صدر محمود احمدی نژاد بھی مہلوکین میں شامل ہیں، آیت اللہ علی رضا اعرافی کو ایران کا عبوری رہبر اعلیٰ بنایا گیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران 4 ہزار چار سو کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکپریس نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دلی میں ڈی ٹی سی بسوں میں مفت سفر کرنے کیلئے دلی کی خواتین کو نیشنل کامن موبلیٹی کارڈ (NCMC) جاری کریں گی، فروری میں جی ایس ٹی کی مجموعی اصولی میں آٹھ اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا ان خبروں پر روزنامہ پرتاپ نے توجہ مرکوز کی ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے ایران پر امریکہ و اسرائیل کے مشترکہ حملوں کے نتیجے میں خطے میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر بھارت کی طرف سے اپنے غیر ملکی شہریوں کے لئے نئی ایڈوائزری جاری کیے جانے کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیراعظم نریندر مودی نے، مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔

2- جناب مودی نے متحدہ عرب امارات اور اسرائیل کے وزیراعظم کے ساتھ مغربی ایشیا کی صورتحال پر بات چیت بھی کی۔

3 - وزارت خارجہ نے بھارت میں غیر ملکی باشندوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ویزا میں کسی طرح کی مدد کیلئے، غیر ملکیوں کے علاقائی رجسٹریشن دفتر سے رابطہ قائم کریں۔

4- امریکی فوج نے، ایران کے اسلامی پاسدارانِ انقلاب کے دفتر کو بڑے پیمانے پر کیے گئے حملے میں تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے 9 بحری جہازوں کو غرق کردیا گیا ہے۔

5- وزیراعظم مودی آج نئی دلی میں کینیڈا کے اپنے ہم منصب Mark Carney کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔

6- اور کرکٹ میں : کولکاتہ میں بھارت ICC مردوں کے ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ کے سیمی فائنل میں، داخل ہو گیا ہے۔ اُس نے ویسٹ انڈیز کو پانچ وکٹ سے ہرایا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---